بسم اللہ الرحمن الرحیم

درس ۳۲

گیارہویں قسم: افعال مقاربہ

1. افعال مقاربہ کی وجہ تسمیہ

ان افعال کو افعال مقاربہ اس لئے کہتے ہیں کہ یہ خبر کو فاعل سے تین معنی میں قریب کر دیتے ہیں، امید، حصول یا شروع۔

2. افعال مقاربہ چار ہیں:

عسی، كاد، كرب، أوشك

3. افعال مقاربہ کا عمل

ان افعال کا عمل کان کی طرح ہے، کیونکہ یہ کان کی اخوات ہیں (یعنی کان سے یکسانیت رکھتے ہیں)

لہذا یہ افعال بھی اپنے اسم کو رفع اور خبر کو نصب دیتے ہیں

4. کان اور افعال مقاربہ میں فرق:

۱) افعال مقاربہ کی خبر صرف فعل مضارع آتی ہے۔

۲) افعال مقاربہ کی خبر اپنے فعل پر مقدم نہیں ہو سکتی جبکہ کان کی خبر اس پر مقدم ہو سکتی ہے۔

5. عسی: کے معنی امید کے ہیں۔

یہ غیر متصرف ہے (یعنی اسکی صرف ماضی کی گردان ہوتی ہے، باقی گردانیں نہیں ہوتیں)

اسکی خبر فعل مضارع کی شکل میں درج ذیل صورتوں میں آتی ہے

۱) أن کے ساتھ مثال: عسى زيد أن يخرجَ [امید ہے کہ زید خارج ہو]۔

۲) أن کے بغیر جبکہ کاد سے مشابہت رکھتا ہو۔ مثال: عسى زيد يخرجُ [امید ہے کہ زید خارج ہو]۔

۳) أن کے ساتھ بعنوان فاعل اس صورت میں عسی، تامہ کہلاتا ہے مثال: عسى أن يخرج زيد [امید ہے زید باہر نکلے].

ImamSadiq.tv